6122 ـ لڑکی نے والدین کے علم کے بغیر شادی کرلی

سوال

کیا خفیہ شادی کرنا جائز ہے ؟
میری سہیلی نے مسجد میں جاکر ایک گواہ کی موجودگی میں والدین کے علم کے بغیر شادی کرلی توکیا یہ شادی قائم ہے ؟
میں جواب چاہتی ہوں اللہ تعالی آپ کو برکت سے نوازے

پسندیدہ جواب

الحمد لله.

الحمدللہ

شادی میں ولی اوردو گواہوں کی موجودگی ضروری ہے کیونکہ حدیث شریف میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا) ۔

اورایک حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(جوعورت بھی اپنے ولی کی اجازت کے بغیرشادی کرے اس کا نکاح باطل ہے) ۔

تو اس بنا پر ضروری ہے کہ اگر ولی اس پر راضی ہو تو دو عادل گواہوں کی موجودگی میں نکاح کی تجدید کی جائے ۔

آپ مزید تفصیل دیکھنے کے لیے سوال نمبر (2127) کے جواب کا مطالعہ کریں ۔

واللہ اعلم .